P.R.No.11/2024

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ائرپورٹ کا دورہ

مسافروں کی شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کی گئیں

وفاقی محتسب کی یکجا سہولتی ڈیسک پر موجود تمام اداروں کو مزید فعال بنانے کی ہدایت

اسلام آباد(   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ائرپورٹ کے خلاف کثیر تعداد میں بدانتظامی کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز اسلام آباد ائرپورٹ بھیجی جس نے دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کر کے ان کی شکایات سنیں، ائرپورٹ کی انتظامیہ کو ان کے ازالہ کے لئے موقع پر ہی ہدایات جاری کیں اور بعض مسافروں کے مسائل حل کرائے۔ٹیم نے اپنے دورے کی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔ وفاقی محتسب نے یکجا سہولتی ڈیسک پر موجود تمام اداروں کو مزید فعال بنانے کی ہدایت کی۔ٹیم نے ائرپورٹ پر نیشنل وانٹرنیشنل لاؤنجز، Luggage Area، سی آئی پی لاؤنج، امیگریشن اور دیگر ایجنسیوں کے کاؤنٹرز سمیت تمام شعبہ جات کا دورہ کر کے مسائل کا جائزہ لیا۔ بیرون ملک جانے والے مسافروں کی زیادہ تر شکایات کا تعلق امیگریشن میں تاخیر، ایف آئی اے، اے ایس ایف اور کسٹمز کے عملے کی طرف سے ناجائز تنگ کئے جانے اور عدم توجہی کے بارے میں تھیں جب کہ باہر سے آنے والے اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات میں سامان کا دیر سے ملنا یا سامان کی گمشدگی کی شکایات بھی شامل تھیں۔ ٹیم نے قبل ازیں اسلام آباد ائرپورٹ کے دورہ پر بھیجی گئی ٹیموں کی سفارشات پر عملدرآمد کا جائزہ بھی لیا۔ٹیم نے گزشتہ دورہ کے دوران ایف آئی اے، اے این ایف، اے ایس ایف اور کسٹمز کے یکجا سرچ ڈیسکوں پر CCTV کیمرے لگانے اور تمام کاؤنٹرز پر مسافروں کی آگاہی کے لئے اردو اور انگریزی میں بل بورڈز لگانے اور عوامی آگاہی کے لئے انہیں ٹی وی اسکرین پر بھی مسلسل دکھانے کی ہدایات دی تھیں۔ٹیم کو بتایا گیا کہ ائرپورٹ انتظامیہ نے ان ہدایات پر عملدرآمد کر دیا ہے۔ٹیم نے ائرپورٹ پر Visa Protection Stamp کی سہولت نہ ہونے کا نوٹس بھی لیا۔ٹیم نے وفاقی محتسب کی طرف سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سہولت کے لئے قائم کئے گئے ''یکجا سہولتی ڈیسک'' کا بھی معائنہ کیا اور وہاں موجود 12 وفاقی ایجنسیوں کے ذمہ داران سے شکایات کی نوعیت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے علاوہ شکایات رجسٹر چیک کئے۔ وفاقی محتسب کی ٹیم کو یہ شکایت بھی ملی کہ ائرپورٹ پر تعینات بعض اداروں کے اہلکار مسافروں سے ناجائز رقم کا مطالبہ کرتے ہیں۔ٹیم نے ایسے اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت جاری کی۔ٹیم نے تمام متعلقہ ایجنسیوں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران ائرپورٹ پر آنے والے مسافروں بالخصوص بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے حوالے سے ہدایات دینے کے علاوہ ائرپورٹ پر موجود سرکاری ایجنسیوں کے مسائل بھی سنے اور ائرپورٹ انتظامیہ کو کسٹم ڈیوٹی پر مامور اسٹاف کو مزید دو کمرے الاٹ کرنے کی ہدایت کی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

07 مارچ 2024ء